**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 01.10.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | کوئٹہ بھارتی فتنہ الخوارج کا FC ہیڈکوارٹر پر خودکش حملہ 12 شہید 6 دہشتگرد بھی مارے گئے، قائم مقام صدر، وزیراعظم، وزیرداخلہ کی جانب سے سیکورٹی فورسز کو تحسین | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ڈس انفارمیشن اور جعلی خبروں کی روک تھام کرنا ہوگی، گورنر کا مختلف ہسپتالوں کا دورہ زخمیوں کی عیادت کی، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | ریاست کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری زہری میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | نوجوان نسل جدید تعلیم کے حصول کیلئے کمپیوٹر سے استفادکرے، سردار کوہیار ڈومکی | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | انٹر یونیورسٹی میگا ایونٹ کا آغاز آج 7 اکتوبر تک جاری رہیگا، بینا مجید | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | عارضی اور اساتذہ اور ڈاکٹرز کو فوری طور پر تنخواہیں ادا کی جائیں، چیف سیکرٹری | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | بزدلانہ حملے اداروں کے حوصلے پست نہیں کرسکتے، آئی جی پولیس | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | مفرور انوسٹی گیشن افسر کے خلاف مقدمہ درج، تلاش شروع کردی گئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | حکومت بلوچستان نے جامعات کو تنخواہوں کیلئے 80 کروڑ روپے جاری کردیئے | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | گورنمنٹ گرلز ہائی سکول آلہ آباد میں آئی ٹی لیب کا افتتاح | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | طویل بندش کے بعد پاک افغان بارڈر انگور اڈہ گیٹ کھول دیا گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان میں ڈیجیٹل مالیاتی نظام کا باقاعدہ آغاز ہوگیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | گلگت بلتستان کو نان ٹیرف علاقہ قرار دینا عوام کی کامیابی ہے، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | 7 اکتوبر کو بلوچستان بھر میں یوم غزہ منایا جائے گا، مولانا ہدایت الرحمٰن | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | افغان حکومت غیر پشتون اقوام کے بنیادی حقوق سے انکاری ہے، ایچ ڈی پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | مقدمات حقوق کے حصول میں رکارٹ نہیں بن سکتے، اصغر اچکزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کے مختلف اضلاع میں خالی بلدیاتی نشستوں پر انتخابات جمعرات کو ہونگے | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | طلباء بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبردآزما ہوسکتے ہیں، ڈی جی نیب | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | بلوچستان حکومت میں ہمیں زبردستی اتحادی بنایا گیا ہے، نواب چنگیز مری | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

سوررب ٹریفک المناک حادثہ خاتون اور بچے سمیت چار افراد جاں بحق دو زخمی، شاہرگ میں غیرت کے نام پر نوجون جوڑے کو قتل کردیا گیا، پنجگور تحصیل ناگ میں دو گاڑیوں میں تصادم تین افراد ہلاک، ایک زخمی، شاہرگ میں غیرت کے نام پر نوجوان جوڑے کو قتل کردیا گیا، دیرہ اللہ یار تیز رفتار کوچ دو موٹر سائیکلوں پر چڑھ دوڑی، دو افراد جاں بحق، دو زخمی

## عوامی مسائل:

شہر کی طرح نواحی علاقوں میں بھی ترقیاتی کام کرائے جائیں، شہریوں کی اپیل

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 01.10.2025

**اداریہ:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی :اقتصادی رابطہ کمیٹی کا مستحسن فیصلہ ۔امید کی کرن** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گزشتہ روز اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے ہیں اور وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے جو اجلاس کی صدارت کر رہے تھے دوٹوک عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے معاشی منظرنامے کو بدلنے اور عوام کیلئے وسیع تر فوائد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی و اقتصادی خوشحالی آئے گی ای سی سی نے جن اہم فیصلوں کی منظوری دی ہے اور جن امور پر غور کیا ہے اس کی تفصیلات و جزئیات میں جانے سے قبل اس رائے کا اظہار ضروری ہے کہ وسائل اور مواقع سے مالا مال ہونے کے باوجود ماضی میں نے بہتر منصوبہ بندی نہیں کی جس کی وجہ سے مسائل کا جنم ہوا اور رفتہ رفتہ چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر گھمبیر و سنگینشن رخ اختیار کر گئے ان مسائل سے نمٹنے اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے موجود حکومت غیر معمولی اقدامات اٹھارہی ہے حکومت نے اقتصادی وترقیاتی اہداف کے حصول لے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھارہی ہے حکومت و ترقیاتی اہداف کے حصول کیلئے غیر معمولی اقدامات کوششوں کا جوسلسلہ جاری رکھا ہے اس سے نہ صرف معیشت کو استحکام حاصل ہوگا بلکہ معیشت و معاشرت کو درپیش بہت سے مسائل اپنے آپ ختم ہوجائیں گے، وزیر خزانہ نے دوٹوک انداز میں مسائل کے حل کے لئے اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے ان کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق اہم معاہدوں کی منظوری اور متعلقہ مالیاتی امور پر غور کیا گیا۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Balochistan leadership vows to eradicate terrorism after Quetta blast" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Promising Resolutions" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ پر پارٹی رہنمائوں کی تنقید کیا تبدیلی کا شارہ ہے؟**" کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 OCT 2025 Page No.


## ڈس انفارمیشن اور جعلی خبروں کی روک تھام کرنا ہوگی، گورنر

**دنیا بھر کی حکومتوں کیلئے افواہوں اور پروپیگنڈے پر قابو پانا ایک چیلنج ہے۔ کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ میڈیا پر جعلی خبروں کی بھرمار ہے جو دنیا بھر کی حکومتوں کیلئے افواہوں اور پروپیگنڈے پر قابو پانے کیلئے ایک چیلنج بھی ہے اس ضمن میں قانون سازی خاص طور پر مشکل ثابت ہوتی ہے کیونکہ یہ آزادی اظہار کے درمیان نازک توازن کو تلاش کرتی ہے جو ہر ملک کے آئین میں درج ایک بنیادی حق ہے، دوسری جانب سوشل میڈیا پر مکمل پابندی کی صورت میں عالمی خدشات پیدا ہوتے ہیں لہٰذا سردست سیمینارز، کانفرنسز اور ورکشاپس وغیرہ کے ذریعے جعلی خبروں کے منفی اثرات کو کم کرنے کیلئے میڈیا کے مثبت استعمال اور احساس ذمہ داری کا احساس پیدا کیا جاسکتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے انڈیویجول لینڈز کے زیر اہتمام انسانی حقوق اور میڈیا پالیسی سے متعلق منعقدہ تین روزہ کانفرنس کا افتتاح کرتے کیا۔

## گورنر کا مختلف ہسپتالوں کا دورہ، زخمیوں کی عیادت کی

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سی ایم ایچ کوئٹہ کینٹ اور ٹراما سینٹر سول ہسپتال جناح روڈ کا علیحدہ علیحدہ دورہ کیا جہاں انہوں نے آج پشین اسٹاپ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دھماکے کے نتیجے میں زخمیوں کی خیریت دریافت کی اور متعلقہ حکام کو فوری طور پر تمام طبی سہولیات فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت کی، گورنر مندوخیل نے فرداً فرداً خیریت دریافت کی ان کی حالت کا جائزہ لیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی جانب سے بہترین دیکھ بھال کی تعریف کی۔


MASHRIQ QUETTA


## شرپسندوں کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے، جعفر خان مندوخیل

**گورنر بلوچستان کی پشین اسٹاپ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دھماکہ کی مذمت**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشین اسٹاپ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دھماکہ کے نتیجہ میں نہتے شہریوں کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ گورنر بلوچستان نے ہدایت کی کہ فوری طور پر تمام زخمیوں کو تمام طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں دہشت گرد حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون (بقیہ نمبر06 صفحہ 07)

نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کو گرفتار کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم قومی اتحاد و اتفاق سے دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا سکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے جاں بحق افراد کی مغفرت اور زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔


CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 بدھ 7 ربیع الثانی 1447ھ یکم اکتوبر 2025ء نمبر 268

دہشتگردی یا مخالف عناصر کا ایجنڈا

# اتحاد و اتفاق سے دشمنوں کی سازش ناکام بنائیں گے، گورنر، وزیر اعلیٰ

عوام اور سیکورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ، صوبائی وزراء، مشیروں، ارکان اسمبلی، سینیٹرز کا حالی روڈ حملے پر اظہار مذمت

حکومت عوام کے تحفظ میں ناکام ہوچکی، جمعیت، نیشنل پارٹی، پشتونخوا ایپ، پشتونخوامیپ، پیپلز پارٹی، تحریک انصاف، ایچ ڈی پی، این ڈی ایم، جمعیت اہلحدیث و دیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر، وزیر اعلیٰ، صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ و سینیٹرز نے خودکش اور دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کسی صورت عوام اور ملک کے حوصلے کو پست نہیں کرسکتیں، ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے مگر قوم کا عزم اور اتحاد دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بناتا رہے گا تفصیلات کے مطابق گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ایف سی ہیڈ کوارٹر کے قریب دھماکہ کے نتیجے میں نہتے شہریوں کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ فوری طور پر تمام زخمیوں کو تمام طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں دہشت گرد حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کو گرفتار کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم قومی اتحاد و اتفاق سے دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے ناپاک عزائم کو ناکام بناسکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کسی صورت عوام اور ملک کے حوصلے کو پست نہیں کرسکتیں انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں اور عوام کا تعاون دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑی طاقت ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو پرامن اور محفوظ صوبہ بنانے کے عزم پر ہم سب متحد ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام اور سیکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہم شہداء کے مشن کو پایۂ تکمیل تک پہنچائیں گے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان، سینیئر صوبائی وزیر و وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، محکمہ ثقافت، سیاحت و قانون کے پارلیمانی سیکریٹری نوابزادہ میر زرین خان مگسی، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان، نواب ثناء اللہ خان زہری، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، جمال رئیسانی، چیئرپرسن سینیٹ اسٹینڈنگ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے رفاہی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر برائے بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری، صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملا خیل، مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، مشیر محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول خان عمرانی، مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے صوبے کا امن و امان خراب کرنے کی ناکام کوشش کررہے ہیں۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر / نیوز ایجنسیاں) سیاسی جماعتوں، قبائلی و سیاسی شخصیات، علمائے کرام و دیگر حلقوں نے کوئٹہ میں ہونے والے حالیہ المناک دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ جمعیت کے صوبائی امیر اور سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ یہ حملہ نہ صرف انسانیت سوزی بلکہ وحشت و بربریت کی انتہا ہے۔ جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا شاہ محمد حاجی سید عبدالواحد آغا مولانا محمد ساسولی مولانا محمد ہاشم مینگل مولانا حفیظ اللہ سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی و دیگر نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہے پشتونخوا عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ حالی روڈ بم دھماکے کے واقعہ کی صاف شفاف تحقیقات کی جائے اور ملوث عناصر کو بے نقاب کیا جائے۔ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے بیان میں کہا گیا کہ حکومت کو چاہیے کہ فوری اور موثر اقدامات کرے، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی بیان میں کہا گیا کہ خطے میں عالمی قوتوں کے مفادات کی جاری جنگ کا ٹھیکہ لیکر اس کی تکمیل بلوچستان اور صوبہ پشتونخوا میں کی جارہی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں کہا گیا کہ ریاستی اداروں کی گزشتہ پچاس دہائیوں کی غلط پالیسیوں اور بالخصوص افغانستان میں مسلح مداخلت و جارحیت کی رواں پالیسی نے ملک کو اس نہج تک پہنچایا۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ یہ واقعہ انسانیت کے خلاف بزدلانہ، سفاکانہ اور شرمناک فعل ہے، مرکزی جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے امیر مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب، سرپرست اعلیٰ مولانا عبدالغنی زامرانی، نائب امیر مولانا عبدالرزاق خارانی، سیکرٹری جنرل ڈاکٹر علی جان بلوچ، سیکرٹری اطلاعات مولانا عصمت اللہ سالم و دیگر نے کہا کہ ہمارا ازلی دشمن ہندوستان اپنے کارندوں کے ذریعے اس قسم کے بزدلانہ حملے کرتا ہے، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان طارق جعفری نے کہا کہ حکمران عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سید حسنین ہاشمی، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے واقعے میں جانی و مالی نقصان کی مذمت کی ہے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی گرلز کالج میں پروفیسر نائلہ طالب اکیڈمک بلاک اور سمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 01 OCT 2025 Page No.________

# زہری میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی

ریاست کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری

وزیر اعلیٰ بگٹی

## دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں، قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، نوجوان پروپیگنڈا کا منہ توڑ جواب دیں، خطاب

## گوادر کو میرانی ڈیم سے بذریعہ ٹینکرز پانی فراہم کرنے کا حکم، سپلائی کے حوالے سے ہر صورت شفافیت کو یقینی بنایا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی......(باقی صفحہ 3 نمبر 56)

یہ ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرأت اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین بلکہ قوم کے لیے باعث فخر ہے نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں کیونکہ یہ ریاست سب کی مشترکہ امانت ہے وزیر اعلیٰ نے یہ بات منگل کے روز گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب نئے بلاک اور 10 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے جدید اسمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ حمید خان درانی، میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی میر علی مدد جتک، وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، سابق سیکرٹری حافظ محمد طاہر، کالج کی پرنسپل سعدیہ فاروقی سمیت اعلیٰ حکام اور طالبات کی بڑی تعداد شریک تھی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فوج، پولیس، ایف سی، لیویز، عام شہری اور وہ افراد جنہوں نے صوبے میں امن و ترقی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا یہ سب تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ زہری میں جاری آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے اور ان کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں۔

کوئٹہ/گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں گوادر میں پانی کی سنگین صورتحال......(باقی صفحہ 3 نمبر 57)

کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن، سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم غلزئی، کوآرڈینیٹر برائے واٹر و چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گوادر ڈاکٹر عبدالشکور خان سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے گوادر میں پانی کے سنگین بحران کا نوٹس لیتے ہوئے میرانی ڈیم سے بذریعہ ٹینکرز پانی فراہمی فوری طور پر شروع کرنے کا حکم دیا اور ہدایت کی کہ آج ہی سے سپلائی کا آغاز کیا جائے۔ اس عمل کی نگرانی کوآرڈینیٹر برائے واٹر و چیئرمین جی پی اے نورالحق بلوچ کریں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جب تک شادی کور ڈیم جی پی اے، ڈی سیلینیشن پلانٹ اور سینٹر بورنگ سسٹم سے مکمل اور فل کپیسٹی میں پانی کی فراہمی شروع نہیں ہو جاتی، اس وقت تک گوادر شہر کو ٹینکرز کے ذریعے پانی فراہم کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اجلاس کے دوران اس بات پر بھی سخت زور دیا کہ ٹینکرز سپلائی کے حوالے سے ہر صورت شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTOR
GENERAL OF
RELATIONS BAL

نظامت اعلیٰ تعلقات
حکومت بلوچس

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 بدھ 07 ربیع الثانی 1447 یکم اکتوبر 2025ء صفحات 08 شمارہ 86

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 35 روپے

Bullet No.________ Page No.________

# کوئٹہ میں دہشتگردی کی شدید مذمت ہے بلوچستان کو پرامن اور محفوظ صوبہ بنانے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا میر سرفراز بگٹی

## ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے مگر قوم کا عزم اور اتحاد دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بناتا رہے گا

## دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین بلکہ قوم کے لیے باعث فخر ہے

## ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، فورسز نے بروقت کارروائی کرکے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے

## عوام اور سکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہم شہداء کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے وزیراعلیٰ کی شہداء کے بلند درجات اور زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کسی صورت عوام اور ملک کے حوصلے کو پست نہیں کرسکتیں یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے مگر قوم کا عزم اور اتحاد دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بناتا رہے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے کے فوراً بعد سیکورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرکے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، جس پر پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں اور عوام کا تعاون دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑی طاقت ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو پرامن اور محفوظ صوبہ بنانے کے عزم پر ہم سب متحد

......بقیہ نمبر01 صفحہ 07

ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام اور سیکورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہم شہداء کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبے میں قیام امن کے لیے حکومت عوام اور ادارے یکجا ہیں اور دہشتگردوں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ دریں اثناء۔۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ یہ ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین بلکہ قوم کے لیے باعث فخر ہے نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں کیونکہ یہ ریاست سب کی مشترکہ امانت ہے وزیراعلیٰ نے یہ بات منگل کے روز گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب نئے بلاک اور 10 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے جدید اسمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ حمید خان درانی، میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی میر علی مدد جتک، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، سابق سیکرٹری حافظ محمد طاہر، کالج کی پرنسپل سعدیہ فاروقی سمیت اعلیٰ حکام اور طالبات کی بڑی تعداد شریک تھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فوج، پولیس، ایف سی، لیویز، عام شہری اور وہ افراد جنہوں نے صوبے میں امن و ترقی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا یہ سب تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ زہری میں جاری آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے اور ان کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں وزیراعلیٰ نے پروفیسر ناظمہ طالب کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ کراچی سے کوئٹہ صرف تعلیم کی خدمت کے جذبے سے آئیں مگر انہیں بزدلانہ دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا اسی طرح جسٹس نواز مری کو بھی قوم سے چھین لیا گیا وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ سریاب چوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائے گا تاکہ ان کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں ایسا جدید تعلیمی ماحول پیدا کیا جا رہا ہے جہاں دنیا کے کسی بھی حصے سے ماہرین آن لائن لیکچرز دے سکیں گے گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں اضافی کلاسز تعمیر ہوں گی اور طالبات سے کیا گیا لیپ ٹاپ کی فراہمی کا وعدہ ہر حال میں پورا کیا جائے گا انہوں نے اعلان کیا کہ کالج میں ڈیجیٹل سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر فراہم کرکے طالبات کو عالمی معیار کی تعلیم دی جائے گی وزیراعلیٰ نے تقریب میں تلاوت، ملی نغمہ اور اسٹیج کی ذمہ داریاں سنبھالنے والی طالبات کے لیے 50 ہزار روپے فی کس انعام کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ ملی نغمہ پیش کرنے والی باصلاحیت طالبہ موسیقی کے شعبے میں آگے بڑھنا چاہتی ہے تو اس کے تعلیمی اخراجات حکومت برداشت کرے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو دلیل اور عمل سے شکست دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بچے اور بچیاں ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور ان کے حوصلے دشمن کے ہر وار سے زیادہ مضبوط ہیں اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے الفاظ شہداء کے ساتھ حکومت کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتے ہیں اور یہ کہ بلوچستان حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.______ Dated: 01 OCT 2025 Page No.______



گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی گوادر میں پانی بحران سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج کوئٹہ کی ہونہار طالبات کو اپنے ساتھ کھڑا کر کے ان کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORAT[E] GENERAL OF PU[BLIC] RELATIONS BALO[CHISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلو[چستان]

Bullet No.

Page No.

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 287 | بدھ، 7 ربیع الثانی، یکم اکتوبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی

# امن و ترقی کیلئے جانیں دینے والے تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں، وزیراعلیٰ

نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈہ کرنیوالوں کو منہ توڑ جواب دیں، یہ ریاست سب کی مشترکہ امانت، زہری میں جاری آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کی چیخیں نکل رہی ہیں

سرینا چوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائیگا، گرلز کالج کینٹ میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب بلاک اور سمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (کے پی این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ یہ ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

اپنا کردار ادا کرنا ہے، دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہوئے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین بلکہ قوم کے لیے باعث فخر ہے نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں کیونکہ یہ ریاست سب کی مشترکہ امانت ہے وزیراعلیٰ نے یہ بات گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب بلاک اور 10 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے جدید اسمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ حمید خان درانی، میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی میر علی مردو جمالی، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، سابق سیکرٹری حافظ محمد طاہر، کالج کی پرنسپل سعدیہ فاروقی سمیت اعلیٰ حکام اور طالبات کی بڑی تعداد شریک تھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو ہلاک کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فوج، پولیس، ایف سی، لیویز، عام شہری اور وہ افراد جنہوں نے صوبے میں امن و ترقی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا یہ سب تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ زہری میں جاری آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے اور ان کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں وزیراعلیٰ نے پروفیسر ناظمہ طالب کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ کراچی سے کوئٹہ صرف تعلیم کی خدمت کے جذبے سے آئیں مگر انہیں بزدلانہ دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا اسی طرح جسٹس نواز مری کو بھی قوم سے چھین لیا گیا وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ سرینا چوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائے گا تاکہ ان کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں ایسا جدید تعلیمی ماحول پیدا کیا جا رہا ہے جہاں دنیا کے کسی بھی حصے سے ماہرین آن لائن لیکچرز دے سکیں گے گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں اضافی کلاسز تعمیر ہوں گی اور طالبات سے کیا گیا لیپ ٹاپ کی فراہمی کا وعدہ ہر حال میں پورا کیا جائے گا انہوں نے اعلان کیا کہ کالج میں ڈیجیٹل سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر فراہم کر کے طالبات کو عالمی معیار کی تعلیم دی جائے گی وزیراعلیٰ نے تقریب میں تلاوت، ملی نغمہ اور اسٹیج کی ذمہ داریاں سنبھالنے والی طالبات کے لیے 50 ہزار روپے فی کس انعام کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ ملی نغمہ پیش کرنے والی باصلاحیت طالبہ موسیقی کے شعبے میں آگے بڑھنا چاہتی ہے تو ان کے تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو دلیل اور عمل سے شکست دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بچے اور بچیاں ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور ان کے حوصلے دشمن کے ہر وار سے زیادہ مضبوط ہیں اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے الفاظ شہداء کے ساتھ حکومت کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتے ہیں اور یہ کہ بلوچستان حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج میں سمارٹ آڈیٹوریم کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں اس موقع پر صوبائی وزراء بھی موجود ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج کوئٹہ میں پروفیسر ناظمہ طالب اکیڈمک بلاک اور سمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.________ Dated: 01 OCT 2025 Page No.________


# گوادر کو میرانی ڈیم سے ٹینکر کے ذریعے پانی فراہم کیا جائے، وزیر اعلیٰ

نگرانی چیئرمین جی پی اے کرینگے، ٹینکرز سپلائی کے حوالے سے ہر صورت شفافیت کو یقینی بنایا جائے، کرپشن برداشت نہیں کی جائیگی

سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اجلاس، مستقبل کیلئے طویل المدتی منصوبہ بندی پر اتفاق، پانی بحران کا پائیدار حل نکالنے کی ہدایت

گوادر (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں گوادر میں پانی کی سنگین صورتحال کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن، سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم غلزئی، کوآرڈینیٹر برائے واٹر و چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین رحمان خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گوادر ڈاکٹر عبدالشکور خان سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ نے گوادر میں پانی کے سنگین بحران کا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

نوٹس لیتے ہوئے میرانی ڈیم سے بذریعہ ٹینکرز پانی فراہمی فوری طور پر شروع کرنے کا حکم دیا اور ہدایت کی کہ آج ہی سے سپلائی کا آغاز کیا جائے جس کی نگرانی کوآرڈینیٹر برائے واٹر و چیئرمین جی پی اے نورالحق بلوچ کریں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جب تک شادی کور ڈیم، جی پی اے ڈی سیلینیشن پلانٹ اور سٹم بونگ سسٹم سے مکمل اور فل کپیسٹی میں پانی کی فراہمی شروع نہیں ہو جاتی اس وقت تک گوادر شہر کو ٹینکرز کے ذریعے پانی فراہم کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اجلاس کے دوران اس بات پر زور دیا کہ ٹینکرز سپلائی کے حوالے سے ہر صورت شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ماضی میں ٹینکرز کے ذریعے پانی فراہمی میں کرپشن کی مثالیں سامنے آئی ہیں، جنہیں کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اس تناظر میں انہوں نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی اور ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کو ہدایت جاری کی کہ اس بار شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو اور نظام کو مکمل طور پر کلیئر رکھا جائے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج میں سمارٹ آڈیٹوریم کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب اکیڈمک بلاک کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | بدھ یکم اکتوبر 2025ء بمطابق 07 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-267

# ریاست مخالف عناصر کے عزائم کامیاب نہیں ہونے دینگے

# زہری آپریشن میں دہشتگردوں کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں

## سرفراز بگٹی

**کوئٹہ میں سکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کر کے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، فورسز کی قربانیاں اور عوام کا تعاون دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑی طاقت ہیں**

**سریناچوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائے گا، پروفیسر ناظمہ طالب کراچی سے کوئٹہ تعلیم کی خدمت کے جذبے سے آئیں انہیں بزدلانہ دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا**

**دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں، ہماری بچیاں اور نوجوان جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں، نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں**

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کسی صورت عوام اور ملک کے حوصلے کو پست نہیں کرسکتیں یہاں جاری ایک بیان میں انہوں (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2پر)

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ یہ ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر2پر)

کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین بلکہ قوم کے لیے باعثِ فخر ہے نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں کیونکہ یہ ریاست سب کی مشترکہ امانت ہے وزیراعلیٰ نے یہ بات منگل کے روز گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب نئے بلاک اور 10 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے جدید اسمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ حمید خان درانی، میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی میر علی مدد جتک، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، سابق سیکرٹری حافظ محمد طاہر، کالج کی پرنسپل سعدیہ فاروقی سمیت اعلیٰ حکام اور طالبات کی بڑی تعداد شریک تھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فوج، پولیس، ایف سی، لیویز، عام شہری اور وہ افراد جنہوں نے صوبے میں امن و ترقی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا یہ سب تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ زہری میں جاری آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے اور ان کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں وزیراعلیٰ نے پروفیسر ناظمہ طالب کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ کراچی سے کوئٹہ صرف تعلیم کی خدمت کے جذبے سے آئیں مگر انہیں بزدلانہ دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا اسی طرح جسٹس نواز مری کو بھی قوم سے چھین لیا گیا وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ سرینہ چوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائے گا تاکہ ان کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں ایسا جدید تعلیمی ماحول پیدا کیا جا رہا ہے جہاں دنیا کے کسی بھی حصے سے ماہرین آن لائن لیکچرز دے سکیں گے گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں اضافی کلاسز تعمیر ہوں گی اور طالبات سے کیا گیا لیپ ٹاپ کی فراہمی کا وعدہ ہر حال میں پورا کیا جائے گا انہوں نے اعلان کیا کہ کالج میں ڈیجیٹل سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر فراہم کر کے طالبات کو عالمی معیار کی تعلیم دی جائے گی وزیراعلیٰ نے تقریب میں تلاوت، ملی نغمہ اور اسٹیج کی ذمہ داریاں سنبھالنے والی طالبات کے لیے 50 ہزار روپے فی کس انعام کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ ملی نغمہ پیش کرنے والی باصلاحیت طالبہ موسیقی کے شعبے میں آگے بڑھنا چاہتی ہے تو ان کے تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو دلیل اور عمل سے شکست دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بچے اور بچیاں ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور ان کے حوصلے دشمن کے ہر وار سے زیادہ مضبوط ہیں اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے الفاظ شہداء کے ساتھ حکومت کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتے ہیں اور یہ کہ بلوچستان حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

نے کہا کہ ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے مگر قوم کا عزم اور اتحاد دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بناتا رہے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے کے فوراً بعد سیکورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کر کے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، جس پر پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں اور عوام کا تعاون دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑی طاقت ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو پرامن اور محفوظ صوبہ بنانے کے عزم پر ہم سب متحد ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام اور سیکورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہم شہداء کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبے میں قیام امن کے لیے حکومت عوام اور ادارے یکجا ہیں اور دہشتگردوں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No.________ Dated: 01 OCT 2025 Page No.________

# کوئٹہ دھماکہ کی مذمت، بلوچستان کو پرامن بنانے کیلئے سب متحد ہیں، گورنر، وزیراعلیٰ

## شرپسندوں کو گرفتار کیا جائے، جعفر مندوخیل، عوام اور سیکورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیںگی، سرفراز بگٹی

## شہداء کا خون امن کی ضمانت بنے گا، سپیکر، صوبائی وزراء، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز، ارکان اسمبلی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے پشین اسٹاپ ایف سی ہیڈ کوارٹر کے قریب دھماکہ کے نتیجہ میں نہتے شہریوں کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ گورنر بلوچستان نے ہدایت کی کہ فوری طور پر تمام زخمیوں کو تمام طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں دہشت گرد حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کو گرفتار کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم قومی اتحاد واتفاق سے دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا سکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے جاں بحق افراد کی مغفرت اور زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کسی صورت عوام اور ملک کے حوصلے کو پست نہیں کرسکتیں یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے مگر قوم کا عزم اور اتحاد دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بناتا رہے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے کے فوراً بعد سکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرکے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، جس پر پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں اور عوام کا تعاون دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑی طاقت ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو پرامن اور محفوظ صوبہ بنانے کے عزم پر ہم سب متحد ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام اور سکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہم شہداء کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبے میں قیام امن کے لیے حکومت عوام اور ادارے یکجا ہیں اور دہشتگردوں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ دریں اثناء صوبائی وزراء سردار عبدالرحمن کھیتران، نورمحمد دمڑ، شعیب نوشیروانی، راحیلہ درانی، بخت محمد کاکڑ، فیصل جمالی، صوبائی مشیر نوابزادہ حمزہ زہری، پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی، رکن اسمبلی روی کمار پہوجہ، حاجی ولی نورزئی اور دیگر وزراء نے کوئٹہ میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بزدلانہ کارروائی دہشت گردوں کی ناکام سازش ہے۔ انہوں نے فورسز کی بروقت اور جرات مندانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی اداروں نے دہشت گردوں کو ہلاک کر کے بڑے نقصان کو ٹال دیا۔ وزراء نے دھماکے میں شہید ہونے والوں کے اہل خانہ سے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ان کا خون امن کی ضمانت بنے گا۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے متاثرین کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی ادارے دہشت گردوں کے عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور انشاء اللہ ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائیگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No.____ Dated 01 OCT 2025 Page No.____

# ریاست سب کی امانت ہے، دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی، چیخیں سنائی دے رہی ہیں، سرفراز بگٹی

شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے، ہماری بچیاں اور نوجوان جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں

سریاب چوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائے گا، نوجوان پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو دلیل اور عمل سے شکست دیں

## مفرور انوسٹی گیشن افسر کے خلاف مقدمہ درج، تلاش شروع کر دی گئی

**آئی او غلام محمد جمالی نے بد دیانتی اور اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا، انسپکٹر کرائم برانچ کی مدعیت میں ایف آئی آر**

کوئٹہ (نعیم محمد یوسف (ر)) کرائم برانچ پولیس نے دہرے قتل کے ملزمان کو دفعہ 169 کے تحت کیس سے ڈسچارج کر کے فرار ہونے والے انوسٹی گیشن افسر کے خلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی ہے جبکہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے بھی ٹیم چھاپے مار رہی ہے۔ واضح رہے کہ کرائم برانچ کے انوسٹی گیشن افسر غلام محمد جمالی نے کیمن روڈ کلی دہرے قتل کے دو ملزمان کو دفعہ 169 کے تحت کیس سے ڈسچارج کر کے رہا کر دیا بعد ازاں خود بھی فرار ہو گیا۔ ڈی آئی جی کرائم برانچ نے آئی او کو معطل کر کے مقدمہ درج کرنے کی ہدایت کی تھی جس پر گزشتہ روز کرائم برانچ پولیس اسٹیشن کے انسپکٹر محمد ابراہیم کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا ایف آئی آر کے متن میں کہا گیا ہے کہ آئی او غلام محمد جمالی نے بد دیانتی اور اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے زیر دفعہ 302 اور 34 ت پ کے تحت ملزمان سمیع اللہ اور شکیل جبران کو جو ریمانڈ پر تھے قانونی رائے کے باوجود تھانے سے غیر قانونی طور پر خلاصی دے کر دفعہ 218 اور 406 ت پ کا ارتکاب کیا ہے پولیس مقدمہ درج کر کے فرار آئی او کی تلاش شروع کر دی جبکہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے بھی ٹیم چھاپے مار رہی ہے۔

## حکومت بلوچستان نے جامعات کو تنخواہوں کیلئے 80 کروڑ روپے جاری کر دیئے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے کی جامعات کے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کے لیے 80 کروڑ روپے سے زائد کی رقم کا اجراء کر دیا۔ محکمہ خزانہ بلوچستان نے صوبے کی جامعات کے لیے 80 کروڑ 19 لاکھ 54 ہزار 226 روپے کی مجموعی گرانٹ کا اجراء کر دیا۔ گرانٹ کے تحت جامعہ بلوچستان کے لیے 27 کروڑ 29 لاکھ 79 ہزار روپے سے زائد، بیوٹمز کے لیے 17 کروڑ 1 لاکھ 99 ہزار، بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے لیے 10 کروڑ 17 لاکھ روپے، لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر اینڈ میرین سائنسز لسبیلہ کے لیے 7 کروڑ 88 لاکھ 21 ہزار 774 روپے، یونیورسٹی آف تربت کے لیے 4 کروڑ 10 لاکھ 98 ہزار 438 روپے، یونیورسٹی آف لورالائی کے لیے 2 کروڑ 98 لاکھ 9 ہزار 978 روپے، میر چاکر رند یونیورسٹی سبی کے لیے 1 کروڑ 37 لاکھ 2 ہزار 725، یونیورسٹی آف گوادر کے لیے 1 کروڑ 23 لاکھ 91 ہزار 526 روپے، بولان یونیورسٹی آف ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل سائنسز کے لیے 1 کروڑ 15 لاکھ 52 ہزار 378 روپے، یونیورسٹی آف مکران پنجگور 91 لاکھ 90 ہزار 62 روپے جبکہ یونیورسٹی آف بلوچستان کے خاران کیمپس کے لیے 34 لاکھ روپے کی گرانٹ جاری کر دی ہے۔ محکمہ خزانہ کے مطابق یہ گرانٹ پبلک سیکٹر یونیورسٹیز الاؤنس کے تحت جاری کی گئی ہے جو کہ ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کی مد میں استعمال کی جائے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## گورنمنٹ گرلز ہائی سکول الہ آباد میں آئی ٹی لیب کا افتتاح

**غریب آباد ہائی اسکول میں آئی ٹی لیب کیلئے علیحدہ سولر سسٹم فراہم کر دیا گیا**

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے ورلڈ بینک اسپائر پروجیکٹ کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائی سکول الہ آباد میں آئی ٹی لیب کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر طارق الیاس اور (بقیہ نمبر 82 صفحہ 07)

پروجیکٹ کے فوکل پرسن سعید احمد سیلاچی سکول کی ہیڈ مسٹریس بھی موجود تھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر اسکول کی عمارت کا معائنہ کیا اور طالبات سے تدریسی سوالات بھی کیے اسی سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول غریب آباد میں بھی آئی ٹی لیب کا افتتاح کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو بھی ہمراہ تھے ورلڈ بینک اسپائر پروجیکٹ کی جانب سے دونوں سکولوں کو سولر سسٹم، تدریسی کتب، الماریاں اور فرنیچر فراہم کیا گیا۔

## طویل بندش کے بعد پاک افغان بارڈر انگور اڈہ گیٹ کھول دیا گیا

**اقدام عوام کیلئے معاشی بہتری و روزگار کے مواقع بھی فراہم کرے گا، مقررین**

چمن (بیورو رپورٹ) طویل بندش کے بعد پاک افغان بارڈر انگور اڈہ گیٹ باضابطہ طور پر کھول دیا گیا، افتتاحی تقریب میں رکن قومی اسمبلی زبیر وزیر، بریگیڈیئر عمران، ڈپٹی کمشنر ساؤتھ وزیرستان لوئر مسرت زمان نے خصوصی طور پر شرکت کی، قومی مشران، علماء کرام، طلبا اور عوام کی بڑی تعداد بھی موجود تھی، مقررین نے کہا انگور اڈہ بارڈر کا دوبارہ کھلنا نہ صرف (بقیہ نمبر 31 صفحہ 07)

پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارتی روابط کو فروغ دے گا بلکہ سرحدی علاقوں کے عوام کیلئے معاشی بہتری و روزگار کے مواقع بھی فراہم کرے گا۔

## بلوچستان میں ڈیجیٹل مالیاتی نظام کا باقاعدہ آغاز ہو گیا

**ای فائلنگ سمیت کئی جدید ڈیجیٹل سہولیات شامل کی گئی ہیں**

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان حکومت نے مالیاتی نظام میں اصلاحات کے اپنے پرانے مالیاتی طریقہ کار کو تبدیل کرتے ہوئے ایک نیا ڈیجیٹل مالیاتی نظام متعارف (بقیہ نمبر 42 صفحہ 07)

کرا دیا ہے گوادر پرو کے مطابق اس نظام کا باقاعدہ افتتاح وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کیا گوادر پرو کے مطابق اس نظام میں ای فائلنگ سمیت کئی جدید ڈیجیٹل سہولیات شامل کی گئی ہیں، جن کے ذریعے دفتری تاخیر کم کرنے، شفافیت بڑھانے اور مالی نظم و نسق کو مؤثر بنانے کے اہداف کو فروغ دینا ہے عوامی شعبے سے متعلق نئے نظام کے تحت انسانی وسائل، بجٹ اور ترقیاتی منصوبوں کا مکمل ڈیٹا ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر یکجا کر دیا گیا ہے حکام کا کہنا ہے کہ اس نظام کے ذریعے پالیسی سازوں، سرکاری ملازمین اور عوام کیلئے ایک متحدہ معلوماتی پورٹل دستیاب ہوگا۔ اس منصوبے کے مقاصد میں سرخ فیتے کا خاتمہ، سرکاری ملازمین کی جوابدہی میں اضافہ، اور کاروبار میں آسانی پیدا کر کے سرمایہ کاری کو فروغ دینا شامل ہے۔ محکمہ خزانہ کے ایک سینئر اہلکار نے گوادر پرو سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اگر یہ نظام مؤثر طور پر نافذ کر لیا گیا تو یہ نہ صرف عوامی شمولیت کو فروغ دے گا۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. ______ Dated: OCT 2025 Page No. ______


## کوئٹہ دھماکہ وطن عزیز کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش ہے، حاجی علی مدد جتک

**سیکورٹی فورسز کے جوانوں نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے پاکستان کے دفاع کو مضبوط کیا ہے**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی اسمبلی کے رکن اور مرکزی کمیٹی کے سینئر رہنما حاجی علی مدد جتک نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی وطن عزیز کو عدم استحکام سے (بقیہ نمبر17 صفحہ نمبر7 پر)

دوچار کرنے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کے اشاروں پر کام کرنے والے خوارج اور ہندوستان کے ایجنٹ ملک کے امن و سلامتی کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز اور ایف سی کے جوانوں نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے پاکستان کے دفاع کو مضبوط کیا ہے۔ اس قسم کے حملے پاک افواج، ایف سی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوصلے پست نہیں کر سکتے بلکہ قوم اور فورسز کے عزم کو مزید مضبوط کریں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشتگردوں کے ساتھ نہیں بلکہ اپنی بہادر سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دشمن کے یہ ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے حکومت اور سیکورٹی اداروں سے مطالبہ کیا کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی وطن دشمن قوت اس قسم کی حرکت کرنے کی جرات نہ کر سکے۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور یہ خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔

## کوئٹہ دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

**بار بار ہونے والے واقعات صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنما اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ مولانا عبدالرحمن رفیق نے کوئٹہ دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بار بار ہونے والے ایسے دلخراش سانحات صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں کی ناکامی کا منہ بولتا (بقیہ نمبر4 صفحہ نمبر7 پر)

ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے بیانات اور دعوے محض زبانی جمع خرچ ہیں، عوام کو عملی اقدامات اور ٹھوس حکمت عملی کی ضرورت ہے، جو بدقسمتی سے نظر نہیں آ رہی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف بیانات دینا کافی نہیں، جب تک حکومت اپنی ترجیحات درست نہیں کرتی اور حقیقی جمہوریت پسند نمائندوں کو اعتماد میں لے کر جامع منصوبہ بندی نہیں بناتی، اس وقت تک معصوم شہریوں کا خون بہتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سانحے کے بعد وزراء صرف مذمت اور دعوے کرتے ہیں مگر نتیجہ صفر رہتا ہے۔ اگر صوبائی حکومت اور سیکورٹی ادارے واقعی سنجیدہ ہوتے تو آج بلوچستان کے عوام کو یوں بار بار خون کے آنسو نہ بہانے پڑتے۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ صرف بیانات دینے کے بجائے عملی اقدامات اٹھائے جائیں، دہشتگردوں کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## کوئٹہ دھماکے کی مذمت، سیکورٹی فورسز نے موثر جواب دیا، نواب ثناء اللہ زہری

**فتنہ خوارج کے حملے کو پسپا کرنے پر فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان، نواب ثناء اللہ خان زہری نے ایف سی ہیڈ کوارٹر کوئٹہ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے نواب ثناء اللہ خان زہری نے سیکورٹی فورسز (بقیہ نمبر50 صفحہ نمبر7 پر)

کی بروقت اور موثر حکمت عملی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی پیشہ ورانہ مہارت نے دہشتگردوں کو ان کے ناپاک مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا۔

## معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور ناقابل قبول عمل ہے، میر علی مردان ڈومکی

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے میں منگل کو ہونے والے بم دھماکے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر34 صفحہ نمبر7 پر)

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور ناقابل قبول عمل ہے۔ انہوں نے جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ اپنے گہرے دکھ و غم کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی میر علی مردان خان ڈومکی نے سیکورٹی فورسز کے نبرد آزما کردار کو سراہا اور کہا کہ فورسز کے بروقت اور موثر عمل کی بدولت حملہ آوروں کو منطقی انجام تک پہنچا دیا گیا اور ان کے مذموم مقاصد ناکام ہوئے۔ انہوں نے سیکورٹی اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، بہادری اور عوام کے تحفظ کے لیے ان کی خدمات کو قابل قدر قرار دیا انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے قومی یکجہتی، عزم اور استقامت کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا تاکہ صوبے اور ملک کو پائیدار امن و سلامتی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

## دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونگے، سید حسنین ہاشمی

**فورسز نے اپنی جانوں کی کا نذرانہ پیش کر کے دہشتگردوں کے حملے کو پسپا اور انکے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سید حسنین ہاشمی نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اور معصوم شہریوں سمیت سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں کی شہادت پر گہرے کا دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد اپنے (بقیہ نمبر13 صفحہ نمبر7 پر)

مذموم مقاصد میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونگے، بہادر اہلکاروں نے اپنی جانوں کی کا نذرانہ پیش کر کے دہشتگردوں کے حملے کو پسپا اور انکے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہی۔ سید حسنین ہاشمی نے کہا کہ بلوچستان میں فتنہ الخوارج بھارتی پراکسی امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنے کے درپے ہے لیکن بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز ان کے مقاصد کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی ہیڈ کوارٹر حملہ فورسز کے جوانوں کی جواں مردی اور بہادری سے ناکام ہوا اور تمام دہشتگرد جہنم واصل ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج کسی بھی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونگے۔ سید حسنین ہاشمی نے کہا کہ دھماکے میں شہید ہونے والے افراد اور اہلکاروں کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں شہداء کی قربانی کسی صورت رائیگاں نہیں جائیگی۔ حکومت زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات مہیا کرے تاکہ وہ جلد صحت یاب ہو کر اپنی زندگی معمول کے مطابق گزار سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 01 OCT 2025 Page No.________

## نوشکی: موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

نوشکی (آن لائن) نوشکی کلی جمالدینی میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی تفصیلات کے مطابق نوشکی کے علاقہ کلی جمالدینی میں موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے عبد الطیف ولد لشکری عبد الرزاق قوم جمالدینی شدید زخمی ہوئے جن کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کر دیا گیا ڈاکٹروں کے مطابق زخمی شخص کو تین گولیاں پاؤں پر لگے ہیں۔ پولیس واقعہ کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# زہری میں آپریشن 7 دہشت گرد ہلاک متعدد زخمی ہیلی کاپٹر استعمال کیا فورسز

سیکورٹی فورسز نے خضدار کے علاقے میں اطلاع پر ٹارگٹڈ آپریشن کیا، مسلح افراد سے کئی گھنٹے فائرنگ کا تبادلہ

**ٹھکانے مسمار، بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود، دستی بم، راکٹ لانچر اور دیگر دستاویزات قبضے میں لے لی گئیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا زہری میں ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے سات دہشت گرد ہلاک متعدد زخمی ٹھکانے مسمار بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود دستی بم راکٹ لانچرز دیگر دستاویزات قبضے میں لے لی مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز لیویز اور پولیس پر حملوں اغوا برائے تاوان وقومی شاہراہ پر مسافروں کی ٹارگٹ کلنگ سمیت سنگین جرائم میں ملوث تھے۔ آپریشن میں ہیلی کاپٹرز کا بھی استعمال کیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے زہری میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر گزشتہ روز ٹارگٹڈ آپریشن کیا وہاں موجود دہشت گردوں نے جدید ہتھیاروں سے فائرنگ شروع کر دی تاہم سیکورٹی فورسز نے بھی جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ کئی گھنٹے تک جاری رہا فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے سات دہشت گرد مارے

بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

گئے جبکہ متعدد دہشت گردوں کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے فورسز نے علاقے کو مکمل گھیرے میں لے کر دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود دستی بم راکٹ لانچرز دیگر دستاویزات قبضے میں لے لی سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز لیویز اور پولیس پر حملوں اغوا برائے تاوان وقومی شاہراہ پر مسافروں کی ٹارگٹ کلنگ سمیت سنگین جرائم میں ملوث تھے آپریشن میں ہیلی کاپٹرز کا بھی استعمال کیا گیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 01 OCT 2025 Page No. ______


## بلوچستان کی ترقی: اقتصادی رابطہ کمیٹی کا مستحسن فیصلہ، امید کی کرن !!

گزشتہ روز اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی [illegible] اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے ہیں اور وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے جو اجلاس کی صدارت کر رہے تھے دوٹوک عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے معاشی منظرنامے کو بدلنے اور عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی و اقتصادی خوشحالی آئے گی۔ ای سی سی نے جن اہم فیصلوں کی منظوری دی ہے اور جن امور پر غور کیا ہے اس کی تفصیلات و جزئیات میں جانے سے قبل اس رائے کا اظہار ضروری ہے کہ وسائل اور مواقع سے مالا مال ہونے کے باوجود ماضی میں نے بہتر منصوبہ بندی نہیں کی جس کی وجہ سے مسائل کا جنم ہوا اور رفتہ رفتہ چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر گمبھیر و سنگین رخ اختیار کر گئے۔ ان مسائل سے نمٹنے اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لئے موجودہ حکومت غیر معمولی اقدامات اٹھا رہی ہے حکومت نے اقتصادی و ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے غیر معمولی اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا جو سلسلہ جاری رکھا ہے اس سے نہ صرف معیشت کو استحکام حاصل ہوگا بلکہ معیشت و معاشرت کو درپیش بہت سے مسائل اپنے آپ ختم ہو جائیں گے۔ وزیر خزانہ نے دوٹوک انداز میں مسائل کے حل کے لئے اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے ان کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق اہم معاہدوں کی منظوری اور متعلقہ مالیاتی امور پر غور کیا گیا۔ ای سی سی کے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہم امید کرتے ہیں کہ آنے والے برسوں میں نہ صرف بلوچستان میں تعمیر و ترقی کا سفر تیز ہوگا بلکہ معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ ریکوڈک منصوبہ دنیا کے سب سے بڑے تانبے اور سونے کے ذخائر میں سے ایک ہے یہ منصوبہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لئے ایک سنہری موقع ہے جس سے عالمی سطح پر معدنیات کی تجارت میں پاکستان کا حصہ بڑھ سکتا ہے۔ ریکوڈک کے ذریعے بلوچستان کے معدنی وسائل کا بھرپور استعمال، نہ صرف صوبے کی معیشت کو فروغ دے گا بلکہ عوام کے لئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ای سی سی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے معاشی منظرنامے کو بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، بلکہ پاکستان کے عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرے گا۔ اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی واقتصادی خوشحالی کی توقع ہے اور یہ ملک کی معیشت میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ای سی سی کی جانب سے اس منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق حتمی معاہدوں اور مالی ذمہ داریوں کی منظوری کا فیصلہ اس بات کا غماز ہے کہ حکومت اس تاریخی منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے پرعزم ہے۔ اجلاس میں پٹرولیم ڈویژن کی سمری کی منظوری کے ساتھ ساتھ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ اگر معاہدوں کی حتمی دستاویزات میں کوئی بنیادی تبدیلی سامنے آتی ہے، تو انہیں دوبارہ ای سی سی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ حکومت کی طرف سے ایک مضبوط عزم کا اظہار ہے کہ ریکوڈک جیسے اہم منصوبے کو عملی شکل دی جائے گی۔ وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے صوبے اور ملک کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی اور یہ خطے کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا ریکوڈک منصوبے کے ساتھ بلوچستان میں ترقی کی ایک نئی لہر آنے کی توقع ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل کے بھرپور استفادے کا موقع فراہم کرتا ہے، بلکہ اس کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی بہتری آئے گی اس کے علاوہ، اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں دیگر اقتصادی سرگرمیاں بھی فروغ پائیں گی، جیسے کہ صنعتوں کا قیام، ہنرمند افراد کی تربیت اور ماہر فنی افرادی قوت کی ترقی وغیرہ۔ اجلاس میں وزارت ریلوے کی سمری پر بھی غور کیا گیا جس میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے ساتھ ریلوے ڈیولپمنٹ ایگریمنٹ اور برج فنانسنگ ایگریمنٹ شامل تھے۔ ان معاہدوں کے تحت 390 ملین امریکی ڈالر کی برج فنانسنگ فراہم کی جائے گی تاکہ بلوچستان کی کانوں سے برآمدی مواد کی ترسیل کے لئے 1350 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک بچھایا جا سکے۔ ای سی سی نے اس تجویز کی منظوری دیتے ہوئے وزارت ریلوے کو ہدایت کی کہ دونوں معاہدوں کی دستاویزات وزارت خزانہ کے ساتھ شیئر کی جائیں تاکہ ان کا تفصیلی جائزہ لیا جا سکے۔ اس کے علاوہ، وزارت ریلوے اور وزارت خزانہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ مارچ 2026 تک منصوبے کی پیش رفت اور عمل درآمد سے متعلق رپورٹ ای سی سی میں پیش کریں۔ ریلوے کی ترقی نہ صرف اس منصوبے کی کامیابی کے لئے اہم ہے، بلکہ یہ بلوچستان کے عوام کے لئے ترقی کے نئے راستے کھولے گی۔ جدید اور موثر ٹرانسپورٹ سسٹم کی تعمیر سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہوگا، بلکہ بلوچستان کے اندرونی علاقوں تک رسائی بھی بہتر ہوگی، جس سے صوبے کے معاشی استحکام میں مزید بہتری آئے گی۔ موجودہ حکومت بلوچستان کی ترقی کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے اور ریکوڈک منصوبہ اس کا اہم جزو ہے۔ حکومت نے اس منصوبے کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے ہیں، وہ اس بات کا غماز ہیں کہ حکومت بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے نہ صرف سنجیدہ ہے بلکہ بہترین حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔ یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان کی ترقی کے لئے جو اقدامات کئے ہیں، ان سے صوبے کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی۔ ریکوڈک منصوبے کی تکمیل کے بعد بلوچستان کے لوگ اپنے معاشی اور سماجی حالات میں بہتری دیکھیں گے۔ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے لئے، بلکہ پورے پاکستان کے لئے خوشحال مستقبل کی نوید ثابت ہوگا ای سی سی نے بلوچستان کے عوام کے لئے ایک روشن اور تابناک مستقبل کی راہ ہموار کرنے کے فیصلے کی منظوری دی ہے اور ہمیں یقین ہے کہ موجودہ حکومت کی حکمت عملی اور ریکوڈک منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں معاشی ترقی کی ایک نئی لہر آئے گی، جو نہ صرف صوبے کی معیشت کو مستحکم کرے گی بلکہ ملک کے اقتصادی منظرنامے میں بھی اہم تبدیلی لائے گی۔ نیز ہمیں امید ہے کہ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل سے بھرپور استفادے کے مواقع فراہم کرے گا بلکہ تیز رفتار ترقی کی راہ بھی ہموار کرے گا۔ حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات بلوچستان کے عوام کے لئے ایک خوشحال مستقبل کی ضمانت ہیں اور ہم اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ بلوچستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 OCT 2025 Page No.

# بوستان سپیشل اکنامک زون بلوچستان کی معاشی ترقی کیلئے اہمیت کا حامل!

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ نے کہا ہے کہ بوستان سپیشل اکنامک زون منصوبہ مستقبل قریب میں خطے کی تقدیر بدلنے میں مرکزی کردار ادا کرے گا۔یہ منصوبہ صوبہ بلوچستان میں صنعتی ومعاشی ترقی کے لیے نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سیکرٹری انڈسٹریز اور خالد سرپرہ کے ہمراہ بوستان سپیشل اکنامک زون کے دورے کے موقع پر کیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر پشین منصور احمد قاضی،ڈائریکٹر سپیشل اکنامک زونز آصف کھوہ سمیت دیگر اعلیٰ افسران اور مقامی قبائلی عمائدین بھی موجود تھے۔بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ بوستان سپیشل اکنامک زون میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ رہی اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے منصوبے شروع ہورہے ہیں۔اس زون میں مختلف صنعتوں کے قیام سے علاقے میں خوشحالی اور ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا جو بلوچستان کی صنعت کو استحکام بخشنے میں مددگار ثابت ہوگا۔شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مقامی لوگوں کو ترجیحی بنیادوں پر سہولتیں فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ اس منصوبے کے حقیقی شراکت دار بن سکیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بوستان سپیشل اکنامک زون بلوچستان کی معاشی ترقی کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ کا اس حوالے سے مذکورہ بیان قابل تعریف ہے کیونکہ یہ منصوبہ صوبہ بلوچستان میں صنعتی معاشی ترقی کے لیے نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔اس سے خطے کی تقدیر بدل سکتی ہے۔چونکہ بلوچستان میں اس طرح منصوبے نہیں ہیں اس لیے یہ منصوبہ صوبے اور اس کی عوام خصوصاً نوجوانوں کے لیے بہت ہی اہم ہے اس سے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر ہونگے جن کی ایک بہت بڑی تعداد بے روزگار ہے۔بلوچستان میں صنعتیں اور کارخانے نہ ہونے کے باعث ان نوجوانوں کا دارومدار سرکاری ملازمتوں پر ہی منحصر ہے جو کہ قلیل ہونے کے باعث ان کو نہیں مل رہیں کیونکہ بیروزگار تعداد میں بہت زیادہ ہیں۔

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کا اس موقع پر بوستان سپیشل اکنامک زون میں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھنے کے حوالے سے مذکورہ بیان قابل تحسین اور صوبے اور نوجوانوں کے لیے ایک بہت ہی اچھی نوید ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بوستان سپیشل اکنامک زون بلوچستان کو جلد از جلد فعال کرنا چاہیے تاکہ اس کے فوائد حاصل کیے جاسکیں۔اس میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کو بھرپور سرمایہ کاری کرنی چاہیے جو کہ نہ صرف ان کے بہترین مفاد میں ہے بلکہ اس سے صوبے کے بے روزگار نوجوانوں نے بھرپور فائدہ حاصل کرسکیں گے۔اس لیے ان منصوبے میں تاخیر کسی بھی صورت میں ٹھیک نہیں ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No.

Dated: 01 OCT 2025 Page No.

# وزیراعلیٰ پر پارٹی رہنماؤں کی تنقید کیا تبدیلی کا اشارہ ہے؟



## کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

بلوچستان میں سیاسی تبدیلی کی چہ مگوئیاں ایک بار پھر سے شروع ہو گئی ہیں۔ ان چہ مگوئیوں کو اس وقت تقویت ملی جب پی پی پی کے پارلیمانی گروپ کے اندر سے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کے خلاف آواز بلند ہوئی۔ پیپلز پارٹی کے پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی نے اسمبلی فلور پر وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ چمن سے گوادر تک ہمارے نوجوان رل رہے ہیں، رو پیٹ رہے ہیں کہ آپ لوگ یہاں حکومت کر رہے ہیں یا اپنی اجارہ داری قائم کر رہے ہو۔ صوبے کے نوجوانوں کا ہم ایوان میں بیٹھے لوگوں سے اعتماد اٹھ گیا ہے۔ حکومتی بنچوں پر بیٹھے ہم باتیں کر رہے ہیں کہ روزگار لا رہے ہیں، صوبے میں امن لا رہے ہیں، ترقی و خوشحالی لا رہے ہیں لیکن عملی کام کچھ نہیں ہو رہا۔ ہم وزیر ہو کر بھی بے بس ہیں، عوام کا ہم سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے۔ کل ہم یہاں اسمبلی میں بیٹھنے کے قابل بھی نہیں رہیں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں صدر آصف زرداری اور بلاول بھٹو سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ آئیں ہم ان کے ساتھ بیٹھیں گے، انہیں بتائیں گے کہ ہم یہاں جو دعوے کر رہے ہیں ان میں کوئی صداقت نہیں۔ حکومتیں ایسے نہیں چلتیں، بلوچستان پورا جل رہا ہے، تاجر اور ٹرانسپورٹر حضرات دربدر ہو کر رہ گئے ہیں۔ بلوچستان میں پی پی کا بیڑہ غرق ہو کر رہ گیا ہے۔

صوبائی وزیر زراعت اور صدر آصف زرداری کے بلوچستان میں ترجمان، میر علی حسن زہری اس صورتحال میں پیچھے نہیں رہے۔ انہوں نے بھی وزیراعلیٰ بگٹی پر ایک بیان داغ دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ نے صوبے میں پارٹی کا بیڑہ غرق کر دیا ہے۔ وہ ن لیگ کے پاس جا کر خود کو ان کا ساتھی ظاہر کرتے ہیں اور ہمارے پاس آ کر کہتے ہیں میں آپ کا ہوں۔ وزیراعلیٰ پارٹی کے ساتھ بلوچستان میں اچھا سلوک نہیں کر رہے۔ پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی بھی وزیراعلیٰ بگٹی سے ناراضگی ان کے اس بیان سے ظاہر ہوتی ہے جس میں ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ بگٹی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو دوبارہ ایوان میں لانے اور تمام سیاسی پارلیمانی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کیلئے پی پی پی کے پارلیمانی گروپ سے کوئی مشاورت نہیں کی اور نہ ہی جماعت کو اس حوالے سے اعتماد میں لیا۔ سیاسی مبصرین کے مطابق پی پی پی کے پارلیمانی گروپ میں وزیراعلیٰ کے خلاف بیان بازی اور بعض سیاسی و پارلیمانی اراکین کے اچانک سرگرم ہونے سے اس بات کو تقویت مل رہی ہے کہ بلوچستان سیاسی تبدیلی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ خصوصاً صدر آصف زرداری کے ترجمان میر علی حسن زہری کے بیان سے پارٹی قیادت کے موڈ کا بھی بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے تاہم کسی فوری تبدیلی کا کہنا ابھی قبل از وقت ہے۔

دوسری جانب بلوچستان کی مخلوط حکومت میں شامل بڑی اتحادی جماعت ن لیگ کے پارلیمانی گروپ میں بھی ایک ہلچل پیدا ہو گئی ہے اور پارلیمانی گروپ میں تین سے چار پارلیمانی بااثر ارکان سرگرم ہو گئے ہیں اور مختلف سیاسی محفلوں میں اس بات پر زور دیتے دکھائی دے رہے ہیں کہ بلوچستان میں اگلا وزیراعلیٰ ن لیگ کا ہو گا کیونکہ ڈھائی ڈھائی سال کے معاہدے پر عملدرآمد کا وقت قریب آ گیا ہے۔ ن لیگ بلوچستان میں تنظیم سازی کیلئے بھی کوشاں ہے۔ حال ہی میں سینیٹ میں ن لیگ کے ڈپٹی چیئرمین سیدال خان ناصر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے دورے پر آئے جہاں انہوں نے پارٹی کے پرانے ساتھیوں سے ملاقاتیں کیں اور پارٹی کو بلوچستان میں فعال بنانے کیلئے تجاویز طلب کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں پارٹی کی تنظیم سازی کیلئے انہیں قیادت کی طرف سے ذمہ داریاں دی جا رہی ہیں، جلد ہی صوبے میں پارٹی کا ڈھانچہ تشکیل دیا جائے گا۔ دوسری طرف پارٹی کے صوبائی صدر اور گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل بھی ن لیگ کو فعال و منظم بنانے کیلئے پارٹی کے سینئر اور قریبی ساتھیوں سے مشاورت میں مصروف ہیں۔ مبصرین کے مطابق صوبے میں ن لیگ کی تنظیم سازی کے حوالے سے الگ الگ سرگرمیوں کی وجہ سے اندیشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ پارٹی میں "گروپنگ" شروع ہو سکتی ہے، جس کا پارٹی قیادت کو نوٹس لینا چاہیے۔ آگے چل کر یہ گروپنگ پارٹی کے پارلیمانی گروپ میں بھی ہو جائے گی جہاں وزارت اعلیٰ کے تین سے چار ارکان ابھی سے سرگرم ہیں۔

بلوچستان عوامی پارٹی نے بھی مرکزی سطح پر انٹرا پارٹی الیکشن کرا کے صوبے کی سیاست میں ایک مرتبہ پھر اپنی موجودگی ظاہر کر دی ہے۔ 2024 کے انتخابات میں اسے ماضی کی طرح کامیابی تو نہیں ملی لیکن پارٹی کو بلوچستان میں فعال بنانے کیلئے میر صادق سنجرانی نے سینئر رہنماؤں سے مشاورت کے بعد مرکزی کونسل سیشن کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا۔ پارٹی الیکشن میں وفاقی وزیر نوابزادہ خالد مگسی بلامقابلہ مرکزی صدر اور سینیٹر منظور کاکڑ بلامقابلہ سیکرٹری جنرل منتخب ہوئے۔ اس سے قبل بھی یہ دونوں شخصیات ان عہدوں پر فائز تھیں۔ مبصرین کے مطابق بلوچستان میں دونوں بڑی سیاسی جماعتیں پی پی پی اور ن لیگ گزرتے دنوں کے ساتھ عوامی مقبولیت کھو رہی ہیں اور اندرونی اختلافات کا شکار ہیں۔ ایسے میں بلوچستان عوامی پارٹی کا دوبارہ سیاسی میدان میں آنا مستقبل میں ان دونوں جماعتوں کیلئے خطرے کا الارم ہے۔ 2024 کے عام انتخابات سے قبل ان دونوں بڑی جماعتوں نے بلوچستان عوامی پارٹی میں سیاسی نقب لگائی، بلوچستان عوامی پارٹی سے تعلق رکھنے والے الیکٹیبلز پی پی پی اور ن لیگ میں شامل ہوئے اور دونوں جماعتوں نے باپ پارٹی کے ساتھ مل کر صوبے میں مخلوط حکومت بنائی۔ تاہم باپ پارٹی کے انٹرا پارٹی الیکشن کے فوراً بعد پارٹی کو بڑا سیاسی دھچکا اس وقت لگا جب پارٹی کی مرکزی سیکرٹری جنرل خواتین ونگ روبینہ عرفان نے پارٹی کی بنیادی رکنیت اور عہدے سے استعفیٰ دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ باپ پارٹی کی سمت اور ان کے نظریات میں واضح تبدیلی آئی ہے۔ دوسری جانب جمعیت علماء اسلام نے، جو کچھ عرصے سے شدید تنقید اور اندرونی انتشار کی زد میں ہے، بھی جماعت کو صوبے میں مستحکم کرنے کیلئے تحریک چلانے کا فیصلہ کیا ہے جس کا آغاز بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ سے اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں ہونے والے جلسے سے کیا جائے گا۔ ●







CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No.

Dated 01 OCT 2025

Page No.


# بلوچستان میں منشیات کیخلاف مہیم جاری


سینیٹر شکور خان ایچکزئی


برطانیہ کے ایک معروف اخبار دی ٹیلیگراف میں حالیہ دنوں شائع ہونے والی رپورٹ، جس میں بلوچستان کو دنیا کی نئی افیون راجدھانی قرار دیا گیا، حقیقت کے برعکس ہے۔ اس طرح کے دعوے پاکستان کی انسداد منشیات کی قربانیوں کو نظر انداز کرتے ہیں اور ہماری بین الاقوامی ساکھ پر سوال اٹھاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں انسداد منشیات کے محاذ پر نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی ادارے تسلیم کرتے ہیں کہ پاکستان نے مشکل حالات کے باوجود منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے مسلسل اور غیر معمولی اقدامات کیے ہیں۔

یہ درست ہے کہ بلوچستان جغرافیائی اور سماجی طور پر ایک بڑا اور دشوار صوبہ ہے، تاہم یہ دعویٰ کہ بلوچستان نیا افغانستان بن رہا ہے یا پاکستان افغانستان سے زیادہ افیون پیدا کر رہا ہے، سراسر غلط ہے۔ ایسے بیانات کا مقصد محض پاکستان کے خلاف منفی تاثر اجاگر کرنا ہے۔ چند روز قبل ایک جعلی نوٹیفکیشن بھی گردش کرتا رہا جس میں دعویٰ کیا گیا کہ حکومت نے بلوچستان میں پوست یا چرس کی کاشت کی اجازت دے دی ہے۔ وزارت نارکوٹکس کنٹرول نے اس نوٹیفکیشن کی سختی سے تردید کی، اور آزاد فیکٹ چیک اداروں نے واضح شواہد کے ساتھ ثابت کیا کہ یہ دستاویز جعلی تھی۔ اس میں ہجے کی غلطیاں، فرضی اداروں کے نام اور ریکارڈ کا نہ ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ صرف گمراہ کن دعویٰ تھا۔

اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) نے بلوچستان میں ہمیشہ زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی ہے۔ غیر قانونی کاشت کی نشاندہی ہوتے ہی فوری کارروائی کی جاتی ہے اور فصلیں تلف کی جاتی ہیں۔ یہ اقدامات صرف کھیتوں کی تباہی تک محدود نہیں رہے بلکہ مقامی برادری کو شامل کر کے کسانوں کو متبادل فصلوں کی طرف راغب کیا گیا۔ نوجوان نسل کو بچانے کے لیے آگاہی مہمات چلائی گئیں اور مقامی کمیونٹیز کو شراکت دار بنایا گیا۔ گزشتہ پانچ برسوں میں ANF نے بلوچستان میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کیے، جن میں غیر قانونی کھیتوں کی تلفی، سرحدی اضلاع میں اسمگلنگ راستوں کی سخت نگرانی، پروسیسنگ مراکز پر چھاپے اور ملوث نیٹ ورکس



کی گرفتاریاں شامل ہیں۔ اس دوران منشیات سے حاصل شدہ اثاثے بھی ضبط کیے گئے۔ ڈرون اور سیٹلائٹ نگرانی، ضلعی انتظامیہ و ایف سی کے ساتھ مشترکہ آپریشنز، کمیونٹی آگاہی پروگرامز اور کسانوں کے لیے متبادل روزگار کی سہولیات اسی پالیسی کا حصہ ہیں۔ بلوچستان حکومت نے بھی اس مسئلے پر واضح اور عملی اقدامات کیے ہیں۔ مختلف اضلاع میں آپریشنز کے دوران غیر قانونی کھیتوں کو تلف کیا گیا، زمینیں ضبط کی گئیں اور اس دھندے میں ملوث افراد کے شناختی کارڈ منسوخ کیے گئے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خود اعلان کیا کہ 36,000 ایکڑز سے زیادہ پوست کی فصل تلف کی جا چکی ہے اور آئندہ بھی ایسی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ یہ حکومتی عزم پاکستان کی سنجیدگی اور پالیسی کی سختی کا ثبوت ہے۔

پاکستان نے 2001 میں پاپی فری اسٹیٹس کا درجہ حاصل کیا تھا اور آج بھی اسی حیثیت کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان ٹوڈے میں شائع ہونے والے ایک اداریے s counter narcotics 'Pakistan resolve میں اس حقیقت کو اجاگر کیا گیا ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ قانونی، سماجی اور انتظامی اقدامات کے ذریعے اس چیلنج کا مقابلہ کیا ہے۔ پاکستانی سیکیورٹی ادارے بشمول ایف سی اور پولیس بھی سرحد پار سے منشیات کی آمد روکنے میں سرگرم ہیں۔ اسمگلروں کی گرفتاری، راستوں کی بندش اور بڑی مقدار میں منشیات کی ضبطی اس عزم کا عملی ثبوت ہیں۔ جہاں کہیں افغان عناصر اس دھندے میں ملوث پائے گئے، وہاں فوری کارروائی کی گئی۔ عالمی منڈی میں افیون کی قیمتوں میں کمی کو براہ راست پاکستان سے جوڑنا بھی غیر منصفانہ ہے۔ یہ قیمتیں طلب و رسد اور عالمی سیاسی و معاشی عوامل سے جڑی ہوتی ہیں۔ پاکستان کو بلاوجہ اس کا ذمہ دار قرار دینا حقیقت کو مسخ کرنے کے مترادف ہے۔ پاکستانی عدالتیں بھی اس مسئلے پر سختی سے پیش آئی ہیں۔ منشیات کے مقدمات میں اکثر فیصلے ملزمان کے خلاف دیے گئے ہیں۔ یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کا نظام انصاف منشیات کے مسئلے پر کسی رعایت کا قائل نہیں۔

بلوچستان کے عوام بھی منشیات کو اپنے معاشرے کے لیے زہر سمجھتے ہیں۔ علماء، قبائلی رہنما اور سماجی کارکن بارہا اس لعنت کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں۔ مساجد اور تعلیمی اداروں میں آگاہی پروگرامز اس جدوجہد کا حصہ ہیں تاکہ نئی نسل کو منشیات سے محفوظ رکھا جا سکے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ بلوچستان نیا افغانستان بن رہا ہے یا پاکستان دنیا کی نئی افیون راجدھانی ہے، حقیقت کے منافی ہے۔ پاکستان اور اس کے عوام منشیات کے خلاف جنگ میں متحد ہیں اور یہ جنگ ہماری قومی سلامتی کے لیے دہشت گردی کے خلاف جنگ جتنی ہی اہم ہے۔ میرا تعلق قلعہ عبداللہ، بلوچستان سے ہے۔ ایک مقامی رہائشی اور جمعیت علماء اسلام کے رکن کی حیثیت سے میرا فرض ہے کہ ہر برائی خواہ وہ منشیات ہو، دہشت گردی ہو یا ناانصافی، کے خلاف آواز بلند کروں۔ بلوچستان مشکلات کا شکار ضرور ہے لیکن یہ قربانیوں اور حوصلوں کی سرزمین بھی ہے۔ ہمیں مل کر ریاستی اداروں کی حوصلہ افزائی کرنی ہے، متبادل روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہیں اور عالمی برادری کو یہ باور کرانا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست ہے جو منشیات کے خاتمے کے لیے ہر سطح پر سرگرم عمل ہے۔ ہم اپنے علاقے کو نہ منشیات فروشوں کے حوالے کریں گے اور نہ دہشت گردوں کے۔ پاکستان اور بلوچستان کی بقاء قومی ہمارا نصب العین ہے اور ہم اس مقصد کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No.________ Dated: 01 OCT 2025 Page No.________

# Promising Resolutions

In a welcome move, the Balochistan Assembly has taken two significant decisions that directly address the needs of its people. By passing resolutions to review the Mines and Minerals Act and to grant district status to Mand and Tump, the provincial government has shown a promising shift towards listening and responding to public sentiment. These are not just procedural changes; they are potential turning points for governance and development in the province. Decision to review the Mines and Minerals Act is a crucial victory for reason and local rights. Balochistan is rich in natural resources, yet its people have often felt that the benefits of this wealth bypass them. The previous act was seen by many as outdated, failing to ensure that local communities get a fair share of the revenue and that mining is done responsibly, with minimal environmental damage. The fact that the resolution came from the opposition benches, and was immediately supported by the government, is a heartening example of political maturity. Leader of the House Mir Sarfaraz Bugti's statement that the implementation has been halted and that a consensus will be sought within 10-15 days shows urgency. By promising to consult with the federation and all stakeholders, the government has a golden opportunity to draft a law that is modern, transparent, and, most importantly, just. A new, improved act can become a tool for sustainable development, job creation, ensuring that the land's riches finally enrich its people.

Resolution to elevate Mand and Tump tehsil to a district is a long-overdue recognition of its people's needs. With a population of over 1.4 million, the areas of Tump and Mand are more than populous enough to deserve the focused attention of a district administration. Currently, as tehsils and parts of a larger district, which often means their unique challenges from infrastructure and healthcare to education

and security are diluted and addressed from a distance. Granting district status will bring governance closer to the people. It means local officials will be based in the area, understanding its specific issues firsthand. It should lead to faster decision-making, better allocation of funds, and improved public services. For the residents of Mand and Tump, this is a matter of dignity and practical improvement in their daily lives. It is an acknowledgment that their community matters and deserves the full machinery of the state to work for them. Overall, the session of the Balochistan Assembly reflects a mix of progress and promise. The review of the Mines and Minerals Act and the demand for a new district both underline the province's struggle for fairness, representation, and better governance. Yet, resolutions alone will not bring change. What matters is implementation transparent, inclusive, and timely.

The people of Balochistan have waited too long for promises to turn into reality. It is now up to the provincial leadership to ensure that these resolutions translate into genuine progress for the province. These actions by the Balochistan Assembly are commendable. They demonstrate that when our elected representatives focus on public welfare over political point-scoring, real progress is possible. The true test, however, lies in the implementation. The people of Balochistan will be watching closely, hoping that these resolutions quickly translate into a better mining law and more effective public service delivery in Mand and Tump. For now, the assembly deserves praise for taking these vital first steps.

CamScanner